شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

5 ستمبر 2025ء

پریس ریلیز

مسائل میں گھری ہوئی اُمتِ مسلمہ کے لیے اُسوۂ رسول ﷺ میں حقیقی فلاح ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): مسائل میں گھری ہوئی اُمتِ مسلمہ کے لیے اُسوۂ رسول ﷺ میں حقیقی فلاح ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ ماہِ ربیع الاوّل میں سیرت کانفرنسز اور محافل نعت کا انعقاد یقیناً قابلِ تحسین ہے اور اگرچہ اللہ تعالیٰ کی حمد اور حضور ﷺ کی ثناء مطلوب ہے اور عبادت کا جزو بھی ہے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ اسلام صرف مذہبی رسومات کی ادائیگی کا نام ہی نہیں بلکہ ایک مکمل ضابطہ حیات ہے لہٰذا جب تک اس پر مکمل طور پر عمل نہیں کیا جاتا مسلمان دنیوی عزت و وقار اور اُخروی نجات حاصل نہیں کر سکیں گے۔ قرآن حکیم میں اللہ تعالیٰ ہمیں حکم دیتا ہے کہ اللہ کے نبی ﷺ جو دیں اُسے مضبوطی سے تھام لو اور جس سے روک دیں اُس سے رک جاؤ، لیکن بدقسمتی سے آج مسلم ممالک کی قیادتوں اور عوام کا طرزِ عمل اِس کے بالکل برعکس ہے (الا ماشاء اللہ)۔ ہم سمجھتے ہیں کہ اِس حوالے سے دو آراء ممکن ہی نہیں کہ آپ ﷺ نے مسلسل 23 سال تک اُس دین کو قائم و نافذ کرنے کی شب و روز جدوجہد کی جس کا اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو وحی کے ذریعے حکم دیا تھا۔ امیر تنظیم نے کہا کہ خطبہ حجۃ الوداع میں آپ ﷺ نے لوگوں سے یہ گواہی لی کہ آپ ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی طرف سے عائد کردہ ذمہ داری کو احسن ترین طریقہ سے ادا کر دیا ہے اور ساتھ ہی یہ بھی فرمایا کہ اب یہ اُمت کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس دین کو دنیا کے کونے کونے تک پہنچا دے۔ لہٰذا مسلمانوں کو نبی اکرم ﷺ کی مبارک سیرت اور اُسوہ پر اپنی نگاہیں مرکوز کر کے آپ ﷺ کے مشن کو اپنانا ہو گا اور یہ دیکھنا ہو گا کہ آپ ﷺ نے اعلانِ نبوت سے لے کر دنیا سے پردہ فرمانے تک کس مشن پر مسلسل عمل کیا۔ انہوں نے کہا کہ مسلمانوں کو لازماً یہ سوچنا ہو گا کہ حضور ﷺ سے جذباتی لگاؤ اور والہانہ عشق کے اظہار کے باوجود آج وہ ذلیل و رسوا کیوں ہیں؟ درحقیقت ہماری اس ذلت و رسوائی کی اصل وجہ یہ ہے کہ وہ ذمہ داری جو ہمیں سونپی گئی تھی ہم اُسے ادا کرنے میں بُری طرح ناکام ہوئے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ کوئی مسلم ملک فلسطین، کشمیر، میانمار اور دنیا بھر میں مظلوم مسلمانوں کی دادرسی کرنے کو تیار نہیں۔ ہمیں یقینِ واثق ہے کہ اگر آج بھی خلوص اور جانفشانی سے دینِ اسلام کے قیام اور نفاذ کی کوشش کی جائے تو اللہ تعالیٰ ہمیں کامیابی عطا فرمائے گا، ہم اسلام دشمن قوتوں کو شکست دے کر ایک مرتبہ پھر اِس دنیا کی قیادت کریں گے اور یہی جدوجہد ہماری اُخروی نجات کا ذریعہ بھی بنے گا۔ ان شاء اللہ!

جاری کردہ
رضاء الحق
مرکزی ناظم نشرواشاعت

TANZEEM E ISLAMI

PRESS RELEASE: September 5th, 2025

For the crisis-ridden Muslim Ummah, true success lies in following the Uswah of the Messenger of Allah (*SAAW*). (Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): This was stated by Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, who said that while conferences on the Seerah and gatherings of Naat in the month of Rabi' al-Awwal are commendable – and indeed praising Allah (*SWT*) and sending salutations upon the Prophet (*SAAW*) are required and part of worship – the reality is that Islam is not merely the name of rituals, but a complete code of life. Until it is fully implemented, Muslims can neither achieve dignity in this world nor salvation in the Hereafter. The Qur'an commands us to hold fast to what the Prophet (*SAAW*) gives us and refrain from what he forbids, yet unfortunately today the conduct of most Muslim leaders and nations is in stark contradiction to this command (except those upon whom Allah (*SWT*) bestows His mercy). He stressed that there can be no two opinions that the Prophet (*SAAW*) devoted 23 continuous years of struggle to establish and enforce the Deen as commanded through revelation.

Shujauddin Shaikh reminded that in his Farewell Sermon, the Prophet (*SAAW*) testified that he had conveyed the divine responsibility entrusted to him in the best manner, and declared that it is now the duty of this Ummah to carry the message of Islam to every corner of the world. Therefore, Muslims must fix their gaze upon the blessed Seerah and Uswah of the Prophet (*SAAW*), embrace his mission, and reflect on what lifelong task he remained steadfast upon from the announcement of Prophethood until his passing. He questioned why, despite expressing deep emotional love and devotion for the Prophet (*SAAW*), Muslims today remain humiliated and powerless. The real reason, he said, is our failure to fulfill the responsibility entrusted to us. As a result, not a single Muslim country stands ready to defend the oppressed in Palestine, Kashmir, Myanmar, or elsewhere. He expressed certainty that if Muslims, with sincerity and dedication, once again strive for the establishment and enforcement of Islam, Allah (*SWT*) will grant them success, enable them to defeat the enemies of Islam, restore their leadership in the world, and grant them eternal salvation in the Hereafter. In sha Allah!

Issued by:
Raza-ul-Haq
Markazi Nazim Nashr o Ishaat